SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر II مجریہ ۱۹۸۸

SINDH ORDINANCE NO.II OF 1988

سندھ کوآپریٹو ہاؤسنگ اتھارٹی (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۸

THE SINDH COOPERATIVE HOUSING AUTHORITY (AMENDMENT) ORDINANCE, 1988

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۸۲ کے سندھ آرڈیننس V کی دفعہ ٦ کی ترمیم
Amendment of Section 6 of Sindh Ordinance V of 1982

سندھ آرڈیننس نمبر II مجریہ ۱۹۸۸

SINDH ORDINANCE NO.II OF 1988

سندھ کوآپریٹو ہاؤسنگ اتھارٹی (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۸

THE SINDH COOPERATIVE HOUSING AUTHORITY (AMENDMENT) ORDINANCE, 1988

[۲۷ جون ۱۹۸۸]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ کوآپریٹو ہاؤسنگ اتھارٹی آرڈیننس، ۱۸۲ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ کوآپریٹو ہاؤسنگ اتھارٹی آرڈیننس، ۱۸۲ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ، سندھ اسیمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور گورنر سندھ مطمئن ہے کے موجودہ صورتحال کی تقاضہ ہے کے فی الفور قدم اٹھایا جائے؛

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئتے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ کو آپریٹو ہاؤسنگ اتھارٹی (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۸ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۸۲ کے سندھ آرڈیننس V کی دفعہ ٦ کی ترمیم
Amendment of Section 6 of Sindh Ordinance V of 1982

۲۔ سندھ کوآپریٹو ہاؤسنگ اتھارٹی آرڈیننس، ۱۹۸۲ کی دفعہ ٦ میں، ذیلی دفعہ (۲) کے بعد مندرجہ ذیل نئی ذیلی دفعہ شامل کی جائے گی:

"(2-A) حکومت ذیلی دفعہ (۲) کے تحت قدم اٹھانے سے پہلے، سوسائٹی کو سننے کا موقعہ فراہم کرے گی:

بشرطیکہ اگر ہنگامی بنیاد پر فوری قدم اٹھانا ضروری ہے تو ایسا موقعہ معطل کیا جائے گا، اس کے بعد جتنا جلدی ہو سکے سوسائٹی کو وہ موقعہ

فراہم کیا جائے گا:
بشرطیکہ مزید یہ کے جہاں سوسائٹی کو قدم اٹھانے سے پہلے سننے کا موقعہ فراہم کیا گیا ہے، حکومت ایسے عارضی احکامات جاری کر سکتی ہے، کہ جیسے سوسائٹی کو غلط عمل اور بدکلامی سے بچایا جا سکے، جیسے مناسب ہو۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔